© rasailojaraid.com



**پیارے حضورؐ** مؤلف و مرتب جناب صابر قرنی - ناشر: حسنات اکیڈیمی، منصورہ، لاہور-
صفحات: ۳۵۰ - قیمت: پڑھی نہیں جا سکی-

مدیر الحسنات صابر قرنی صاحب ہمیشہ دین کی صداقتوں کو پھیلانے کی فکر میں رہتے ہیں خصوصاً انہیں بچوں کے لیے اچھا دینی لٹریچر مہیا کرنے کا خاص ذوق ہے - ان کی کتاب "پیارے حضورؐ" اسی ذوق کی آئینہ دار ہے - اس کتاب کا ایک حصہ ۱۹۷۴ء میں چھپا تھا - اب دو حصے یکجا ۱۹۸۶ء میں شائع ہو گئے ہیں - پہلا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی سوانح اور اخلاقِ حسنہ پر مشتمل ہے - دوسرے حصے میں بچوں کے ذہنی معیار کو سامنے رکھ کر اچھے اور برے اخلاق کی تعلیم و تلقین، احکام اور واقعاتی مثالوں کے ساتھ کی گئی -

اب یہ مجموعہ بچوں، کم خواندہ عوام، خواتین اور نوخیز طالبات کے لیے ایک شاندار چیز بن گیا ہے - خود خریدیے اور خاندان اور حلقۂ احباب کے بچوں تک بطور تحفہ پہنچایئے -

---

(بقیہ رسائل و مسائل)

کیا ہے اس کا لفظی ترجمہ بلاشبہ یہی ہے کہ کسی مسلمان کو کسی کافر کے بدلے میں قتل نہ کیا جائے اور کافر کے قتل کا خون بہا مسلمان سے نصف ہے - لیکن امام ابوحنیفہ کی تحقیق پر مبنی صحیح تر مسلک یہ ہے کہ اس میں وہ کافر مراد نہیں جو ایک اسلامی ریاست کا شہری (بطور ذمی معاہد) ہے یا مستامن ہے، یعنی اجازت لے کر دارالاسلام میں داخل ہوا ہے اور عارضی طور پر مقیم ہے - اہل ذمہ معاہدین یا مستامنین جو غیر مسلم ہیں وہ قصاص و دیت کے معاملے میں مسلمانوں کے بالکل مساوی ہیں - میرے نزدیک یہی مسلک کتاب و سنت سے قریب تر ہے اور ہمارے ملک کی اکثریت بھی چونکہ حنفی مسلک کی پیرو ہے اس لیے قانون ملکی اس کے مطابق ہو گا -

---

© rasailojaraid.com